## پاکستان کولبرل اورجمہوری ملک بنانا چاہتے ہیں،الطاف حسین

## تمام سیاسی جماعتوں کومحض اقتدار کی جنگ لڑنے کے بجائے ملک کوموجودہ کٹھن حالات سے نکالنے کیلئے سر جوڑ کر بیٹھنا چاہئے

## ملک میں محاذ آرائی کی فضاء کے خاتمہ اورجمہوری عمل کومستحکم کرنے کیلئے سیاسی مذاکرات کا سلسلہ جاری رہنا چاہئے

## آئندہ صدارتی انتخابات،عام انتخابات اوردیگر معاملات پر تنظیم کی مختلف سطحوں پر ذمہ داروں اورکارکنان سے رائے مشورہ کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

## لندن میں الطاف حسین کی زیرصدارت پاکستان اورلندن کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کے اہم اورطویل اجلاس میں فیصلے

لندن۔۔۔3،ستمبر 2007ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا ایک اہم اورطویل اجلاس گزشتہ روزمتحدہ قومی موومنٹ کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کے علاوہ کراچی سے آئے ہوئے رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انورعالم اور ان کے ساتھ آئے ہوئے رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین اورلندن میں موجود رابطہ کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی ۔اجلاس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال،تازہ ترین سیاسی معاملات،آئندہ ہونے والے صدارتی انتخابات،عام انتخابات اوراس سلسلہ میں متحدہ قومی موومنٹ کی انتخابی تیاریوں اورتنظیمی صورتحال پر تفصیلی غوروخوض اورتبادلہ خیال کیا گیا۔پاکستان سے آئے ہوئے رابطہ کمیٹی کے اراکین نے مسلم لیگ (ق) کے صدر چودھری شجاعت حسین سے ملاقات اوردیگر سیاسی جماعتوں سے ہونے والے رابطوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔اجلاس میں اس بات پر اتفاق پایا گیا کہ ملک میں سیاسی استحکام،محاذ آرائی کی فضاء کے خاتمہ اورجمہوری عمل کومستحکم کرنے کیلئے سیاسی مذاکرات کا سلسلہ جاری رہنا چاہئے اورایسے حالات میں جبکہ پاکستان ہرطرف سے خطرات میں گھرا ہوا ہے تمام سیاسی جماعتوں کومحاذ آرائی اورمحض اقتدار کی جنگ لڑنے کے بجائے ملک کوموجودہ کٹھن حالات سے نکالنے کیلئے سر جوڑ کر بیٹھنا چاہئے ۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک میں جمہوری عمل کومستحکم کرنے کیلئے اپنا مثبت کردار جاری رکھے گی ۔اجلاس میں یہ بھی طے کیا گیا کہ آئندہ صدارتی انتخابات،عام انتخابات اوردیگر معاملات پر تنظیم کی مختلف سطحوں پر ذمہ داروں اورکارکنان سے رائے مشورے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی سیاست کا مقصد محض اقتدار کا حصول نہیں ہے بلکہ عوام کی خدمت کرنا ہے اورملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے پاکستان کوایک لبرل اورجمہوری ملک بنانا ہے جہاں ہرشہری کو بلاامتیاز رنگ ونسل،زبان،علاقہ،جنس،مذہب وعقیدہ یکساں حقوق حاصل ہوں ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس مقصد کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی پرامن اورجمہوری جدوجہد جاری رہے گی ۔جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے اراکین اورحق پرست منتخب نمائندوں کوہدایت کی کہ وہ تحریک کے پیغام کوآگے بڑھانے کیلئے منظم انداز میں کام کرتے رہیں اورعوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں۔

## سہون میں ایم کیوایم کے کارکن اورہمدردوں سمیت متعدد افراد کے ڈوب کر جاں بحق ہونے کے سانحہ پر الطاف حسین کا اظہارتعزیت

لندن۔۔۔3،ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حضرت لال شہباز قلندرؒ کے سالانہ عرس کے موقع پرنہر میں ڈوب کردرجنوں افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔جاں بحق ہونے والے افراد میں ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکن فرحان خان ولدتسلیم خان،ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 4 کے ہمدرد محمد جمیل ولدعبدالرشید اورعبدالمطلب ولدمختیاراحمد بھی شامل ہیں ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان سوگوارلواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اوردعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## پاکستان کوارٹرز کے مکینوں کے دیرینہ مسئلہ کا حل حق پرست قیادت کا تحفہ ہے، رابطہ کمیٹی
## پاکستان کوارٹرز کے مکینوں کو مالکانہ حقوق کی فراہمی پر حق پرست نمائندگان کو خراج تحسین

کراچی ۔۔۔3، ستمبر 2007ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے پاکستان کوارٹرز کے مکینوں کا دیرینہ مسئلہ حل کرنے اورانہیں الاٹمنٹ کے سرٹیفکیٹ تقسیم کرنے پرحق پرست عوامی نمائندوں کوزبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کوارٹرز کے مکینوں کے دیرینہ مسئلہ کا حل حق پرست قیادت کا ایک اورتحفہ ہے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کی سیاست کا بنیادی مقصد عوامی مسائل کا حل ہے اورحق پرست عوامی نمائندے غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے عوام کے بنیادی اور دیرینہ مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردارادا کررہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کوارٹرز کے مکینوں کو مالکانہ حقوق دینے کا مسئلہ حق پرست قیادت کی جانب سے 1990ء میں ہی حل کردیا گیا تھا تاہم بیوروکریسی کی جانب سے یہ مسئلہ سرخ فیتے کی نذر کیا جاتا رہااوراس مسئلہ کے حل کو یقینی بنانے کے عمل میں رکاوٹیں ڈالی جاتی رہیں ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حق پرست قیادت اس دیرینہ مسئلہ کے حل کیلئے مستقل جدوجہد کرتی رہی ، ہرسطح پرآواز بلند کرتی رہی اوراللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آج پاکستان کوارٹرز کے مکینوں کا دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا ہے ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پاکستان کوارٹرز کے 396 مکینوں کو مالکانہ حقوق ہوچکے ہیں اوراب تک 40 مکینوں کو الاٹمنٹ سرٹیفکیٹ بھی تقسیم کئے جاچکے ہیں جبکہ بہت جلد دیگر تمام مکینوں کو بھی الاٹمنٹ سرٹیفکیٹ تقسیم کردیئے جائیں گے ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حق پرست قیادت نے عوام سے جووعدہ کیا تھا آج وہ پورا کردیا گیا ہے جس پرتمام حق پرست عوامی نمائندگان بالخصوص وفاقی وزیرہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ اقبال محمد علی زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں ۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام منتخب نمائندگان پرزوردیا کہ وہ عوامی مسائل کے حل کیلئے مزید محنت ولگن سے کام کریں اورعوام کوزیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کیلئے اپنا ہرممکن کردارادا کریں۔

## سلیم شہزاد کی والدہ مرحومہ مافیہ خاتون کو عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا، سوئم منگل کو ہوگا
## مرحومہ کی نماز جنازہ اورتدفین میں رابطہ کمیٹی اورحق پرست عوامی نمائندوں سمیت ہزاروں افراد کی شرکت

کراچی۔۔۔3/اگست 2007ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے سینئررہنماء اوررابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ مرحومہ مافیہ خاتون کو پیر کے روز ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں عزیزآباد کے شہداء قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔اس سے قبل مرحومہ کی نماز جنازہ بعدنماز ظہر گلستان جوہرمیں ان کی رہائش گاہ واقع روفی گرین سٹی کے کمپاؤنڈ میں ادا کی گئی ۔نماز جنازہ اورتدفین میں شرکت کیلئے سلیم شہزادخصوصی طورپرلندن سے پاکستان آئے ہوئے ہیں جبکہ نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، شیخ لیاقت حسین ، رابطہ کمیٹی پاکستان انچارج انورعالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین سیدشعیب بخاری، شکیل عمر، نیک محمد، ڈاکٹر نصرت، وسیم آفتاب، اشفاق منگی، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، سینیٹرز، مشیران، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست سٹی ناظم، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران، کراچی کے مختلف سیکٹرزاور یونٹوں کے کارکنان، سرکاری افسران اورعمائدین شہر نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔قبل ازیں مرحومہ کا جسدخاکی ان کی رہائشگاہ لایا گیا جہاں سلیم شہزاد سمیت دیگر سوگواراہل خانہ نے ان کا آخری دیدار کیا۔بعدازاں مرحومہ کو عزیزآباد کے شہداء قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔مرحومہ کا سوئم کل بروزمنگل ظہرتامغرب ان کی رہائشگاہ واقع روفی گرین سٹی گلستان جوہر بلاک 18 میں ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی جائے گی ۔خواتین کیلئے مرحومہ کی رہائشگاہ پرعلیحدہ انتظام کیا جائے گا۔مزید براں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی ارکان آنسہ ممتازانوار، محترمہ خورشیدافسر، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اورایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان نے مرحومہ کی رہائشگاہ جاکرسوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کی اورمرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## شہداء کی قربانیاں کسی صورت بھی رائیگاں نہیں جائیں گی، سلیم شہزاد
## قائد تحریک الطاف حسین کی وطن واپسی کا فیصلہ کارکنان وعوام کریں گے
## عزیزآباد کے شہداء قبرستان میں والدہ محترمہ کی تدفین کے بعد صحافیوں سے بات چیت

کراچی ۔۔۔3، ستمبر 2007ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ والدہ کے انتقال پر دکھ کسے نہیں ہوتا مجھے بھی اپنی والدہ کے انتقال پر گہرا دکھ ہے لیکن اس سے زیادہ دکھ مجھے ایم کیوایم کے ان شہداء کا ہے جنہوں نے راہِ حق کی جدوجہد میں اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے ۔ پیر کے روز عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں اپنی والدہ مافیہ بیگم کی تدفین کے بعد اخبارنویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اپنی والدہ کے انتقال اور شہداء کی قربانیوں پر میری آنکھ پرنم ہے ۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پرامن طریقے سے 98فیصد غریب ،محکوم اور مظلوم عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے ،شہداء کی قربانیاں کسی صورت بھی رائیگاں نہیں جائیں گی اور پاکستان میں غریب ومتوسط طبقے کا انقلاب ضرور آئے گا ۔انہوں نے کہا کہ وطن آکر مجھے خوشی بھی ہورہی ہے اور دکھ بھی ہے ،والدہ کے غم کے ساتھ ساتھ مجھے شہداء کی قربانیوں کا بھی دکھ ہے اور خوشی یہ ہے کہ میں ایک مرتبہ پھر اپنے لوگوں میں آیا ہوں جیسا کہ 15 سال قبل میں یہاں تھا ۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ایساوقت ضرور آئے گا کہ ہم سب یہاں موجود ہوں گے ،لندن میں موجود ہر ذمہ دار اور کارکنان کی خواہش ہے کہ وہ اپنے پیارے ملک واپس آئے اور انشاءاللہ ایسا ضرور ہوگا ۔انہوں نے کہا کہ میں کراچی آمد پر قائد تحریک اور رابطہ کمیٹی کا بہت شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھے پاکستان آنے کی اجازت دی ۔قائد تحریک الطاف حسین کی وطن واپسی کے حوالے سے ہونے والے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی وطن واپسی کا فیصلہ کارکنان وعوام کریں گے ۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی

کراچی ۔۔۔3، ستمبر 2007ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار ،رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم ، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب ، ارکان رابطہ کمیٹی اور دیگر تحریکی ذمہ داران اور کارکنان کے ہمراہ شہداء قبرستان عزیز آباد میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی شہید ناصر حسین ، بھتیجے عارف حسین اور شہداء کے مزارات پر حاضری دی اور پھولوں کی چادریں چڑھائیں ۔اس موقع پر سلیم شہزاد غم سے چور تھے اور ان کی آنکھیں پرنم تھیں ۔انہوں نے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی ۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ محترمہ کے انتقال پر ایم کیوایم آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے ارکان طاہر کھوکھر اور سلیم بٹ کا اظہار افسوس

مظفر آباد ۔۔۔3، ستمبر 2007ء ۔۔۔آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے حق پرست ارکان محمد طاہر کھوکھر اور سلیم بٹ نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ محترمہ مافیہ خاتون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے سلیم شہزاد سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔انہون نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔( آمین )

## سلیم شہزاد کی والدہ کے انتقال پر ایم کیوایم یوکے یونٹ کے آرگنائزر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان کا اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔3 ستمبر 2007ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ یوکے یونٹ کے آرگنائزر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ محترمہ مافیہ خاتون کے انتقال پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے ۔اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے سلیم شہزاد اور دیگر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے ۔دریں اثناء ایم کیوایم شعبہ خواتین برطانیہ کی اراکین نے بھی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ محترمہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے ۔

## سلیم شہزاد کی والدہ کے انتقال پر ایم کیو ایم کینیڈا کا اظہار تعزیت

ٹورنٹو۔۔۔3 ستمبر 2007ء۔۔ایم کیو ایم کینیڈا کے آرگنائزر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ محترمہ مافیہ خاتون کے انتقال پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے سلیم شہزاد اور ان کے تمام سوگوار لواحقین سے گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

## متحدہ کی حق پرستانہ جدوجہد کا خوف ان کے اعصاب پر سوار ہوگیا ہے، ارکان قومی اسمبلی

## عنقریب کراچی اور سندھ کی طرح پنجاب سے بھی جماعت اسلامی کا سیاسی صفایا کردیا جائے گا

کراچی۔۔۔3، ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ سے تعلق رکھنے والے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے بے سروپا بیانات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے ہاتھوں پے در پے شرمناک شکستوں اور اپنی تمام تر گھناؤنی سازشوں کے بے نقاب ہونے پر جماعت اسلامی کے رہنماؤں کی حالت اتنی خراب ہوچکی ہے کہ متحدہ کی حق پرستانہ جدوجہد کا خوف ان کے اعصاب پر سوار ہوگیا ہے اور انہیں سوتے جاگتے ہر طرف متحدہ ہی نظر آتی ہے۔ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ بچہ بچہ اس بات سے واقف ہو چکا ہے کہ نادرن بائی پاس کا پل نیشنل لاجسٹک سیل یعنی NLC کے ادارے نے بنایا تھا جس سے متحدہ کا دور دور کا بھی تعلق نہیں ہے لیکن جماعت اسلامی کے رہنما اپنی عادت سے مجبور ہوکر متحدہ پر ہی الزام تراشیاں کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اب تو جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے ان بیانات کا عوام اس طرح مذاق اڑانے لگے ہیں کہ جماعت اسلامی کے رہنماء سونامی اور زلزلہ کا الزام بھی متحدہ پر کب لگائیں گے؟ انہوں نے کہا کہ صوبہ سرحد اور بلوچستان میں جماعت اسلامی کی اپنی حکومت ہے جہاں روز بم دھماکے، خودکش حملے اور قتل وغارتگری کا بازار گرم ہے، عوام کی جان ومال غیر محفوظ ہے، دونوں صوبہ کربلا کا منظر پیش کررہے ہیں لیکن جماعت اسلامی کے رہنماء وہاں کے عوام کے مسائل حل کرنے کے بجائے کراچی میں بے تکی سیاسی بیان بازی میں لگے ہوئے ہیں۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کے رہنماء فکر نہ کریں۔متحدہ کا پیغام اب پورے ملک میں پھیل رہا ہے۔عنقریب کراچی اور سندھ کی طرح پنجاب سے بھی جماعت اسلامی کا سیاسی صفایا کردیا جائے گا اور پھر صوبہ سرحد اور بلوچستان کے عوام کو بھی جماعت اسلامی سے سیاسی نجات دلائی جائے گی۔

☆☆☆☆☆